رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۲ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**شرح چندہ**

| | |
|---|---|
| سالانہ چندہ | ۲۱ روپے |
| ششماہی | ۱۱ " |
| سہ ماہی | ۶ " |
| ماہوار | ۲½ " |

**قیمت**
فی پرچہ ۱ر

جلد ۲ | ۵ ہجرت ۱۳۲۷ ہش | ۲۵ جمادی الثانی ۱۳۶۷ھ | ۵ مئی ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۰۱


## اخبار احمدیہ

لاہور ۴ ماہ ہجرت:- سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت نسبتاً اچھی ہے۔ احباب حضور کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے دعا فرمادیں۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت اچھی ہے۔ الحمدللہ

## کمانڈر انچیف پاکستان کی تقریر

راولپنڈی ۔ ۴ مئی پاکستان کے کمانڈر انچیف نے ایک تقریر کے دوران میں کہا۔ پاکستان کے پاس سب سے بہتر ذرائع موجود ہیں۔ اور ان ذرائع کی بدولت وہ ہر مشکل کا مقابلہ کرسکتا ہے۔ مگر کسی نے بری نیت سے پاکستان کو دیکھا۔ تو اس کے خلاف جارحانہ کارروائی کرے گا پاکستان فوج میں زبردست طاقت موجود ہے۔ خبردار! پاکستان کے خلاف کوئی ہاتھ اٹھانے کی جرأت نہ کرے۔

آپ نے فوجیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔ آپ کو اپنے ملک کو اور زیادہ طاقتور اور مضبوط بنانے کے لئے ان تھک محنت اور بے لوث جذبات کا مظاہرہ کرنا چاہیئے۔

## لنڈن میں پاکستانی اشیاء کی نمائش

لنڈن ۔ ۴ مئی کل لنڈن اور برمنگھم میں جو نمائش ہوئی۔ اس میں پاکستان کی مصنوعات کو نمایاں طور پر پیش کیا گیا تھا۔ سیالکوٹ کا بنا ہوا کھیلوں کا سامان جو بہت سستا اور خوبصورت تھا۔ کافی تعداد میں موجود تھا۔ اس کے علاوہ چھری کانٹے جراحی کا سامان اور جوتے وغیرہ بھی تھے۔ ایک طرف پاکستان کی خام اشیاء مثلاً اناج۔ پٹ سن وغیرہ بھی پڑے ہوئے تھے۔ چونکہ پاکستان کا کھیلوں کا سامان بہت سستا تھا۔ اس لئے امید ہے کہ بہت جلد ممالک غیر سے بہت زیادہ مال حاصل کرنے کے آرڈر موصول ہونگے۔

## ایرانی اخبار نویسوں کے وفد کی واپسی

ایرانی اخبار نویسوں نے اپنا دورہ ختم کر لیا ہے۔ گذشتہ چار روز سے وہ بلوچستان کی سیاحت میں مصروف تھے۔ کل ان کے اعزاز میں ایرانی قنصل کی طرف سے دعوت طعام دی گئی۔ امید ہے وفد آج زاہدان روانہ ہو جائے گا۔

ص ۲ کی مضبوطی کی مدد سے پاکستان کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

## وزیر مہاجرین راولپنڈی کو

لاہور ۴ مئی ۔ پاکستان کے وزیر مہاجرین راجہ غضنفر علی خاں کراچی سے لاہور پہنچ گئے آج رات آپ راولپنڈی روانہ ہو جائیں گے جہاں دو روز قیام کریں گے۔

## آسان ہندوستانی زبان کا مطالبہ

یو۔ پی اسمبلی کی جنتا پارٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے۔ کہ اسمبلی میں آسان زبان کو رائج کیا جائے۔ ورنہ جنتا پارٹی کے ممبران دستبردار ہو جائیں گے۔ موجودہ زبان کو اکثر ممبران سمجھ نہیں سکتے۔

## کشمیر آزاد فوج کی کامیابی

ترار کھل ۔ ۴ مئی ۔ آزاد کشمیر حکومت کی وزارت دفاع کا اعلان مظہر ہے۔ کہ ہندوستانی محصور فوج کے گرد گھیرا اور تنگ کیا جا رہا ہے راجوری میں گھمسان کی جنگ جاری ہے۔ دشمن نے پیدل فوج کی امداد کے لئے میدان میں ٹینک اور بکتر بند گاڑیاں بھیج دی ہیں۔ لیکن ان کی پیشقدمی کو روک دیا گیا ہے۔ نوشہرہ کے محاذ پر آزاد فوج نے ایک ہندوستانی چوکی پر حملہ کیا۔ اور دشمن کے ۲۲ سپاہیوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔

## عمارتی لکڑی کا کاروبار

مغربی پنجاب میں عمارتی لکڑی کا کاروبار کا وسیع میدان موجود ہے۔ پہلے یہ کاروبار مکمل طور پر غیر مسلموں کے ہاتھ میں تھا۔ جو اب یہاں سے رخصت ہو چکے ہیں۔ مسلمان تاجروں کو چاہیئے کہ چھوٹے بڑے شہروں میں اس تجارت کو فروغ دیں۔ یہ مشورہ صوبے کے محکمہ جنگلات کے چیف کنزرویٹر نے دیا ہے۔ ان قصبوں کی فہرست جنگلات کے دفتر لاہور سے مل سکتی ہے۔ جہاں یہ تجارت خوب فروغ پا گئی ہے۔

اس سلسلے میں تمام ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ عمارتی لکڑی کے پرانے ڈپو صرف اس کام سے متعلقہ تاجروں کے نام الاٹ کریں۔

کشمیر میں گڑبڑ کی وجہ سے ایندھن اور کیل کی بہم رسانی بیشک مشکل ہو گئی ہے۔ مگر راولپنڈی۔ سہالا اور حویلیاں سے چیل کے ذخیرے پوری مقدار میں آرہے ہیں۔

## حکومت کیساتھ مکمل تعاون کی ضرورت

لاہور ۴ مئی موجودہ نازک حالات پر قابو پانیکا واحد ذریعہ یہی ہے۔ کہ حکومت کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے۔ حکومت اور عوام ملکر ہر قسم کے حالات کا مقابلہ کر سکتے ہیں یہ خیال مولانا بشیر احمد اخگر اسسٹنٹ ڈائرکٹر تعلقات عامہ (فیلڈ پبلسٹی) نے سیالکوٹ کشمیر کی سرحد پر واقع ایک گاؤں چپراڑ کے ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے ظاہر کیا۔ آپ نے اتحاد انتظام اور ایمان ص ۲

## برطانیہ کی خارجہ پالیسی کی وضاحت

لنڈن ۴ مئی آج رات برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر بیون دار العوام میں فلسطین کے متعلق اپنی خارجہ پالیسی کی وضاحت کریں گے۔

## کشمیر کمیشن عنقریب آنیوالا ہے

لنڈن ۳ مئی ایک اطلاع مظہر ہے کہ کشمیر کمیشن کے ارکان کے ناموں کا اعلان عنقریب کردیا جائیگا۔ اور اس کے فوراً بعد کمیشن ہندوستان روانہ ہو جائیگا۔ وفد کے ارکان کے ساتھ فوجی مشیر بھی ہوں گے۔ جو وقتاً فوقتاً فوجی امور کے متعلق مشورہ دیتے رہیں گے۔

## پاکستان کے فوجی سامان کی واپسی کا مطالبہ

نئی دہلی ۔ ۳ مئی گذشتہ اتوار ہندوستان اور پاکستان کے سکرٹریان دفاع کی جو کانفرنس منعقد ہوئی تھی۔ اس میں ان معاملات کو زیر بحث لایا گیا تھا۔ جو دونوں ملکوں کے درمیان مابہ النزاع ہیں۔ اس اجلاس میں فوجی سامان کی واپسی کے معاملہ کو خاص طور پر اہمیت دی گئی تھی۔

## مرزا محمد ابراہیم کی تقریر

لاہور ۴ مئی لیبر یونین کے صدر مرزا محمد ابراہیم نے آج ایک تقریر کرتے ہوئے کہا کہ این ڈبلیو آر یونین ہرگز ہڑتال کا ارادہ نہیں رکھتی۔ اور وہ پُر امن فضا پیدا کرنے کی ہر ممکن کوشش کرے گی۔

لیک سیکس ۔ ۴ مئی اتحادی اقوام کی سلامتی کونسل کا اجلاس جمعرات کو منعقد ہوگا۔ اس میں سب سے پہلے پاکستان اور ہندوستان کے قضیہ کو زیر بحث لایا جائیگا۔

پرنٹر و پبلشر عبدالحمید بی اے ایل ایل بی نے گیلانی الیکٹرک پریس ہسپتال روڈ لاہور میں چھپوا کر ۴ میکلیگن روڈ لاہور سے شائع کیا۔

ایڈیٹر:- روشن دین تنویر بی اے ایل ایل بی

روزنامہ الفضل
۵ مئی ۱۹۴۸ء

# استحصال بالجبر

۳ مئی ۔ ہند پاکستان مذاکرات نئی دہلی میں شروع ہوگئے ہیں۔ دیگر معاملات کے علاوہ ان انہار کے پانی کا بھی فیصلہ ہوگا۔ جو ایک ماہ سے مشرقی پنجاب کی حکومت نے بند کردی ہوئی ہیں۔ جس کی وجہ سے مغربی پنجاب کی زراعت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے

اس ضمن میں اخبار سٹیٹسمین کا نامہ نگار خصوصی رقمطراز ہے۔ کہ مشرقی پنجاب کی حکومت انہار کے پانی کے متعلق اپنی دعاوی پر سختی سے قائم رہنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ شملہ میں خیال کیا جاتا ہے۔ کہ انہار کا پانی دوبارہ جاری کرنے کی جو ہدایت مرکزی حکومت نے دی ہے وہ کسی طرح درست نہیں ہے۔ اور یہ اسکی صوبائی معاملات میں ناحق دخل اندازی کے مترادف ہے۔ یہاں اس بات پر زور دیا جاتا ہے۔ کہ یہ معاملہ صوبے کی اقتصادی بہبودی سے تعلق رکھنے کی وجہ سے نہائت اہم ہے۔ کیونکہ یہ صوبہ اس وقت تک اپنے پاؤں پر کھڑا نہیں ہوسکتا۔ جب تک ہر ممکن ذریعہ سے اس کی آمدنی نہ بڑھائی جائے

اس نکتہ نظر سے مشرقی پنجاب کی حکومت نے مرکزی حکومت ہند کو دھمکی دی ہے۔ کہ اگر مرکزی حکومت کسی بین الاقوامی وجوہات کی بناء پر مشرقی پنجاب کی حکومت کے خلاف انہار کا پانی جاری کرنے پر مصر ہوئی تو اس کو چاہیئے۔ کہ جو نقصان اس طرح صوبائی حکومت کو ہوگا اس کی اپنے خزانہ سے تلافی کرے۔

ان خیالات سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ انہار کا پانی بند کرنے کی کیا وجوہات ہیں اور کس طرح مشرقی پنجاب کی حکومت نے ناجائز سودا بازی کے لئے ایک ایسے فعل کا ارتکاب کیا ہے جس سے مغربی پنجاب کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا۔ صاف ظاہر ہوتا ہے۔ کہ پانی محض اس لئے بند کیا گیا۔ کہ اس طرح ناجائز دباؤ ڈالکر مغربی پنجاب کی حکومت کو کسی ایسے معاہدہ پر آمادہ کیا جائے۔ جس سے زیادہ سے زیادہ روپیہ بٹورا جاسکے۔ یہ نہیں کہ جو کچھ انصافاً حاصل ہونا چاہیئے۔ وہ لیا جائے۔ بلکہ داب ناجائز سے زیادہ وصول کیا جائے۔ تاکہ مشرقی پنجاب کے خزانہ میں زیادہ سے زیادہ روپیہ آجائے۔

ایک ہمسایہ ملک کیلئے ایسا فعل دوستانہ تو کیا روادارانہ بھی نہیں کہا جاسکتا۔ بلکہ ایسے فعل کو اگر معاندانہ کہا جائے تو غلط نہیں ہے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مشرقی پنجاب کی حکومت کے ذہن میں جو کچھ آیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ چونکہ ہم نہروں کا پانی بند کرسکتے ہیں۔ خواہ ہمیں ایسا کرنے کا حق ہو یا نہ ہو۔ اس لئے ملک کا خزانہ بھرنے کے لئے اپنی پوزیشن کا ناجائزہ فائدہ اٹھانے کے حقدار ہیں۔ کیونکہ اصل مدعا تو ملک کا خزانہ بھرنا ہے۔ خواہ کسی طرح سے بھرا جائے۔ اور اگر مرکزی حکومت از روئے انصاف یہ فیصلہ کرے کہ پانی روکا نہیں جاسکتا۔ یا اس قیمت سے کم پر فیصلہ کرے۔ جو داب ناجائز کی صورت میں بالجبر حاصل کی جاسکتی ہے۔ تو وہ اس کمی کو اپنے خزانہ سے پورا کرے۔ اس کا مطلب یہی ہے کہ ہم انصاف دانصاف کچھ نہیں جانتے ہمیں تو روپیہ چاہیئے۔ مرکزی حکومت خواہ مغربی پنجاب سے ہمیں بالجبر وصول کرنے کے لئے آزاد چھوڑ دے۔ خواہ انصاف اور رواداری کے اصول پر عمل کرانے کے تاوان میں اپنے پاس سے دے۔ ہمیں انصاف۔ رواداری۔ بین الاقوامی تعلقات کی خوشگواری سے کوئی تعلق واسطہ نہیں۔

مشرقی پنجاب کی صوبائی حکومت کی اس عجیب وغریب ذہنیت کو دیکھ کر ہمیں تو سخت مایوسی ہوگئی ہے کہ دونوں پنجابوں کے حالات کبھی رو بصحت ہوسکینگے جب حکومت کے خیالات اور مطالبات اتنے خودغرضانہ ہوں۔ اس کے معاہدات پر کیا اعتبار کیا جاسکتا ہے۔ دونوں پنجابوں کے تعلقات ایسے نہیں ہیں۔ جن کی بناء ایسی ناجائز غاصبانہ نفع اندوزی کے اصول پر رکھی جائے۔ اس میں شک نہیں کہ معاہدات باہمی استفادہ کے لئے کئے جاتے ہیں لیکن یہ باہمی استفادہ بھی اسی وقت ہوسکتا ہے۔ جب تک انصاف اور رواداری کو نظرانداز نہ کیا جائے۔ ورنہ پھر دونوں فریق مخالف سمتوں پر چل نکلتے ہیں۔ اور وہ نتائج نکلتے ہیں۔ جو دونوں کے لئے باعث تباہی ہوتے ہیں۔

اس ضمن میں یہ بات نہائت افسوسناک ہے کہ گو اخبارات میں پانچ روز سے چرچا ہے۔ کہ پانی کھول دیا گیا ہے۔ لیکن ابھی تک پانی نہیں کھولا گیا۔

## حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کا کلام

یہ غزل جو درحقیقت پندرہ سولہ سال پہلے لکھی تھی۔ مگر کہیں گم ہوگئی۔ اب کچھ یاد سے کام لے کر کچھ نئے اشعار کہہ کر مکمل ہوئی ہے۔ مرزا محمود احمد

| | |
|---|---|
| نگاہوں نے تری مجھ پر کیا ایسا فسوں ساقی | کہ دل میں جوشِ وحشت ہے تو سر میں ہے جنوں ساقی |
| جیوں تو تیری خوشنودی کی خاطر ہی جیوں ساقی | مروں تو تیرے دروازے کے آگے ہی مروں ساقی |
| پلائے تُو اگر مجھ کو تو مَیں اتنی پیوں ساقی | رہوں تا حشر قدموں پر ترے میں سرنگوں ساقی |
| تری دُنیا میں فرزانے بہت سے پائے جاتے ہیں | مجھے تُو بخش دے اپنی محبت کا جنوں ساقی |
| سوا اک تیرے میخانے کے سب میخانے خالی ہیں | پلائے گر نہ تُو مجھ کو تو پھر میں کیا کروں ساقی |
| تجھے معلوم ہے جو کچھ مرے دل کی تمنّا ہے | مرا ہر ذرہ گویا ہے زباں سے کیا کہوں ساقی |
| وہ کیا صورت ہے جس سے میں نگاہِ لطف کو پاؤں | چھُوؤں دامن کو تیرے یا ترے پاؤں پڑوں ساقی |
| مجھے قیدِ محبت لاکھ آزادی سے اچھی ہے | کچھ ایسا کر کہ پابندِ سلاسل ہی رہوں ساقی |
| ترے در کی گدائی سے بڑا ہے کونسا درجہ؟ | مجھے گر بادشاہت بھی ملے تو میں نہ لوں ساقی |
| فدا ہوتے ہیں پروانے اگر شمعِ منوّر پر | تو تیرے رُوئے روشن پر نہ میں کیوں جان دوں ساقی |
| نہ صورت امن کی مسجد میں پیدا ہے نہ مندر میں | زمانہ میں یہ کیسا ہو رہا ہے کشت و خوں ساقی |

شہیدانِ محبت سے ہی میخانے کی رونق ہے
چھلکتا ہے ترے پیمانہ میں اُن کا ہی خوں ساقی

## خطبہ جمعہ (خطبہ نمبر ۲۹)

# کمزور بھی اور طاقتور بھی سب مل کر دعائیں کریں

## کہ اللہ تعالےٰ ہمیں ان بھیانک حالات سے نجات دے

از حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ

فرمودہ ۶ر اپریل ۱۹۴۸ء

بمقام رتن باغ لاہور

مرتبہ ۔ مولوی محمد یعقوب صاحب مولوی فاضل

سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:۔

مجھے کئی روز سے شدید نزلہ اور کھانسی کی شکائت ہے۔ جس کی وجہ سے میں باہر نماز وں میں نہیں آ سکا۔ ڈاکٹر صاحب نے بھی مجھے باہر نکلنے سے منع کیا ہوا ہے۔ لیکن بعض ملاقات کرنے والے ایسے آجاتے ہیں۔ جو اصرار کر کے ملاقات کرتے ہیں۔ اور ان کی وجہ سے مجھے باہر آنا پڑتا ہے۔ آج مجھے شرم آئی۔ کہ جب میں ان کے تقاضا کو پورا کرنے کے لئے

### اپنے نفس پر بوجھ

ڈال کر باہر آجاتا ہوں۔ تو جمعہ کی نماز سے کیوں محروم رہوں۔ چنانچہ اسی وجہ سے میں جمعہ کی نماز کے لئے آگیا ہوں۔ لیکن نزلہ اور کھانسی کی شدید تکلیف کی وجہ سے نہ میرے گلے میں طاقت ہے کہ میں صحیح الفاظ بول سکوں۔ اور نہ میرے جسم میں طاقت ہے۔ کہ میں کھڑے ہو کر کوئی لمبی تقریر کر سکوں۔ اس لئے میں نہائت اختصار کے ساتھ جماعت کے دوستوں کو

### صرف یہ ہدایت

کرتا ہوں۔ کہ وہ ان ایام میں خصوصیت سے دعاؤں پر زور دیں۔ اور اللہ تعالےٰ کے حضور تضرع اور گریہ وزاری سے کام لیں۔ ہماری جماعت اس وقت ایسے خطرات میں سے گزر رہی ہے کہ کبھی بھی ہم ایسے خطرات میں سے نہیں گزرے حتی کہ قادیان کو چھوڑتے وقت بھی ہم ایسے خطرات میں سے نہیں گزر رہے تھے۔ سوائے اس کے کہ خدا تعالےٰ کا ہاتھ اس کشتی کو پار لگا دے۔ اور کوئی صورت اس کشتی کو سلامتی کے ساتھ کنارے تک پہنچانے کی نظر نہیں آتی۔ اندرونی اور بیرونی فتنے جماعت کی کمزوریاں اور دشمنوں کے حملے یہ سارے ناقابل برداشت حد تک بڑھ رہے ہیں۔ اور سوائے اللہ تعالےٰ کی مدد اور اس کی نصرت کے اور کوئی صورت ہمیں اپنی نجات کی نظر نہیں آتی۔ ان

### نہائت ہی نازک حالات

میں مومن کو تو میں کہتا ہوں۔ کہ یہ تمہارے ایمان کی آزمائش کا وقت ہے۔ اور کمزور سے میں کہتا ہوں۔ کہ تمہاری کمزوری کی وجہ سے جو صورت حالات پیدا ہو رہی ہے۔ تم اپنی دعاؤں سے اسے بدلنے کی کوشش کرو۔ شائد اسی وجہ سے تم

### خدا تعالےٰ کے عذاب سے محفوظ

ہو جاؤ۔ پس کمزور بھی اور طاقتور بھی سب مل کر دعائیں کریں۔ کہ اللہ تعالےٰ ہمیں ان بھیانک حالات سے نجات دے۔ جو چاروں طرف سے موہنہ کھولے ہماری طرف دوڑے چلے آرہے ہیں۔ اور جن کا مقابلہ بہرحال انسانی طاقت اور انسانی قوت سے نہیں ہو سکتا۔

## ضروری اعلان

جن احباب نے انگریزی ترجمہ قرآن کا یورپ وامریکہ وغیرہ بھجوانے کے واسطے وعدے فرمائے تھے۔ مگر وعدہ کردہ کاپیوں کی قیمت ابھی تک ادا نہیں کی۔ مہربانی فرما کر فوراً اپنے اپنے حصہ کی رقم دفتر محاسب صاحب صدر انجمن احمدیہ جودہامل بلڈنگ کو بھیجدیں۔ اور ہمیں ایک اطلاعی کارڈ بھیجدیں۔ تاکہ قرآن باہر بھجوانے کا بندوبست کریں۔ وکیل التبشیر ۱۸ میکلیگن روڈ لاہور

## درخواست دعا

خاکسار کے بڑے بھائی قاضی عبدالرحیم صاحب بھٹی راولپنڈی نو دس روز سے بعارضہ تپ محرقہ بیمار ہیں۔ بہت کمزور ہو گئے ہیں۔ احباب دعائے صحت فرمائیں۔

خاکسار قاضی محمد عبداللہ ناظر ضیافت مقیم قادیان

# ملفوظات حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز

## اسلامی قانون کے متعلق بعض اہم سوالات کے جواب

فرمودہ ۹ر اپریل بعد نماز عشاء بمقام پشاور

(مرتبہ:۔ عبدالحمید صاحب آصف)

۹؍ کو بعد نماز عشاء لفٹننٹ ابوالخیر سید احمد صاحب باجوہ نے حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی دعوت کی۔ اور بہت سے ملٹری اور سویلین آفیسروں کو بھی دعوت میں بلایا گیا تھا۔ کھانا کھانے کے بعد دوستوں نے حضور کی خدمت میں سوالات کئے۔ ان کے حضور نے جو جوابات عطا فرمائے وہ درج ذیل ہیں۔



سوال:۔ میرے سوال کے دو حصے ہیں۔ ایک یہ کہ کیا پاکستان میں اسلامی قانون رائج ہو گا۔ دوسرا یہ کہ جب ہم کہتے ہیں۔ کہ اسلامی قانون رائج ہو گا۔ تو اس کے ساتھ ہمارے سامنے اسلامی قانون کا خاکہ پیش ہونا چاہئے۔ تا ہم سمجھ سکیں کہ اسلامی قانون سے ہمارا یہ مطلب ہے۔ اور ہم دھوکہ نہ کھا سکیں۔

جواب: حضور نے فرمایا۔ یہ سوال جو اس وقت پیدا ہوا ہے۔ اس میں ایک

### ابتدائی غلطی

ہو رہی ہے۔ وہ یہ کہ اسلام نے حکومت کا جو آئین پیش کیا ہے۔ وہ خلافت کے ارگرد چکر لگاتا ہے۔ اور اسلام خلیفہ کو دنیوی حکومت کا بھی اور روحانی حکومت کا بھی سردار تسلیم کرتا ہے اور خلیفہ کے لئے یہ شرط ہے۔ کہ ساری اسلامی حکومت کا وہ سردار ہو۔ اس لئے جہاد وغیرہ کے احکام خلافت کے ساتھ وابستہ کر دیئے گئے ہیں۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الامام جنۃ یعنی خلیفہ وقت ایک ڈھال ہوتا ہے۔ اس سے نتیجہ نکلتا ہے۔ کہ جہاد اس کے حکم کے بغیر نہیں ہو سکتا۔ اب پاکستان میں خلافت قائم نہیں ہو سکتی۔ اور وہ اس طرح کہ ہو سکتا ہے کہ پاکستان والے ایک شخص کو خلیفہ انتخاب کریں۔ لیکن افغانستان۔ ایران۔ ترکی اور مصر وغیرہ اسلامی ممالک کہہ اٹھیں کہ ہم اس کو خلیفہ تسلیم نہیں کرتے۔ ہم سیاسی لحاظ سے آزاد ہیں۔ اب جب ایک خلیفہ کے ہاتھ پر تمام اسلامی ممالک متحد نہ ہونگے اسلامی حکومت کیسے قائم ہو سکے گی اسلام نے خلافت کے اختیارات وسیع مقرر کئے ہیں۔ خلیفہ ساری عمر کے لئے ہوتا ہے۔ کوئی اسکو معزول نہیں کر سکتا۔ وہ رعایا سے مشورہ لے سکتا ہے۔ لیکن وہ اس کے مشورہ کا پابند نہیں ہوتا۔ وہ خود ایک بات کے نتیجہ پر پہنچکر قدم اٹھا سکتا ہے۔ اور خدا تعالےٰ کا وعدہ ہے۔ کہ وہ خلیفہ کی مدد کرے گا۔ اب ہمارے سامنے یہ سوال درپیش ہے۔ کہ مسلمان جب خلافت قائم نہیں کر سکتے۔ تو وہ کیا کریں۔ پاکستان کے مطالبہ کے وقت یہ دعوے کیا گیا تھا۔ کہ ہم اس لئے پاکستان مانگتے ہیں کہ ہم ایک الگ خطہ میں اسلامی حکومت قائم کریں گے۔ اب جبکہ پاکستان ہمیں مل گیا ہے۔ دنیا کو کسطرح موہنہ دکھائیں گے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اگر اسلامی حکومت قائم نہیں کی جا سکتی۔ تو اس سے نچلے درجہ کی حکومت یعنی

### اس کے مشابہ حکومت ضرور قائم

کی جا سکتی ہے۔ وہ اس طرح کہ پاکستان کے مسلمان قرآن کریم اور سنت اور حدیث کے مطابق قوانین بنائیں۔ اور وہ انکے مطابق عمل کریں۔ اور اسلامی تعلیم کے مطابق غیر مسلم اقوام کو اجازت دی جائے۔ کہ وہ اپنے اپنے مذہب کے مطابق قوانین بنائیں۔ اور ان کے مطابق عمل کریں۔ اسلام ساری رعایا کو مذہبی آزادی دیتا ہے۔ وہ عیسائی کو حق دیتا ہے۔ کہ وہ اپنے مذہب کے قوانین کے مطابق عمل کر سکتا ہے۔ وہ یہودی کو بھی حق دیتا ہے۔ تو وہ تورات کے قوانین کے مطابق عمل کر سکتا ہے۔ اسی طرح وہ ہندو سکھ کو بھی حق دیتا ہے کہ اپنی اپنی مذہبی کتابوں کے مطابق قوانین بنائیں۔ اور ان کے مطابق عمل کریں۔ اسلام دوسرے مذاہب کے لوگوں کو حق دیتا ہے۔ کہ وہ اپنے اپنے مذہب کے قوانین کے مطابق عمل کریں۔ وہ کسی مذہب کے پیرو کو اس بات کے لئے مجبور نہیں کرتا۔ کہ وہ اسلامی آئین کے مطابق عمل کرے۔ اس طرح ایک مسلمان قرآن کریم کے بتلائے ہوئے آئین کے مطابق عمل کر رہا ہو گا۔ ایک یہودی اور عیسائی تورات کے بتلائے ہوئے آئین کے مطابق عمل کر رہا ہو گا۔ ایک ہندو اپنے ویدوں کے آئین کے مطابق یا اپنے بنائے ہوئے آئین کے مطابق عمل کر رہا ہو گا۔

اور ایک پارسی یا سکھ اپنی مذہبی کتاب کے بتائے ہوئے آئین کے مطابق یا اپنے بنائے ہوئے آئین کے مطابق عمل کر رہا ہوگا۔ اور یہ سب کچھ اسلام کی بتائی ہوئی تعلیم اور دی ہوئی آزادی کے ماتحت ہوگا۔ اس لئے ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہوں گے کہ جو ہمارے بس میں تھا اس کے مطابق ہم نے

## قرآن پر عمل

کر کے قوانین نافذ کئے۔ اور جو ہمارے بس میں نہیں یعنی خلافت قائم کرنا اس کو قائم کرنے سے ہم معذور رہیں اس طرح خالص اسلامی نہ سہی مشابہ اسلامی حکومت تو قائم ہو جائے گی۔ اور ہم دنیا کو کہہ سکیں گے کہ پاکستان کے مطالبہ کے وقت جو ہم نے عہد کیا تھا وہ اپنی طاقت کے مطابق ہم نے پورا کر دیا ہے۔

س:۔ اسلام نے جو سزا چور کے ہاتھ کاٹنے کی اور زنا کی سنگساری مقرر کی ہے۔ اس کے متعلق وضاحت بیان فرمائی جائے۔

ج:۔ اس سوال کے دو حصے ہیں۔ ایک تو یہ کہ اسلام کا دستور العمل ان دونوں جرموں کے متعلق بتایا جائے۔ اور دوسرا یہ کہ آیا موجودہ زمانہ میں یہ سزائیں دی جا سکتی ہیں۔ یا نہیں

دوسرے حصہ کو میں پہلے لیتا ہوں جس

## حکومت کی بنیاد

جمہوریت پر ہوگی۔ وہ جب بھی قوانین بنائے گی۔ رائے عامہ اور اکثریت کے مطابق بنائے گی اور جب کثرت رائے سے کوئی قانون پاس کیا جائے گا۔ تو دوسری حکومتیں قطعی طور پر اس بات میں دخل نہ دیں گی کہ فلاں قانون سخت ہے۔ وہ کیوں اس ملک میں رائج کیا گیا ہے۔ جب اکثریت قانون بنائے گی تو پھر حکومت کا کوئی حق نہیں ہوگا کہ وہ انکار کر دے اگر کسی قانون کو مسلمانوں کی اکثریت جاری کرے تو کوئی حکومت یہ نہیں کہہ سکے گی۔ کہ یہ قانون سخت ہے۔ اس کو کیوں جاری کیا جا رہا ہے۔ بلکہ حکومتیں اس وقت اعتراض کریں گی جب ملک کی اکثریت اس قانون کے رائج کرنے کے خلاف ہوگی۔

ہم یہ یقین رکھتے ہیں کہ اسلام خدا تعالیٰ کا بنایا ہوا مذہب ہے۔ اس کی تمام تعلیم اس کے تمام قوانین خدا تعالیٰ نے قابل عمل اور حکمت پر مبنی بنائے ہیں اور یہ ہو نہیں سکتا کہ وہ کوئی ایسا حکم جاری کر دے جو فطرت کے خلاف ہو۔ انسانیت کے خلاف ہو

اب میں ان دونوں سزاؤں کے متعلق بیان کرتا ہوں پہلے سنگساری کو لیتا ہوں چوری کی سزا کو بعد میں دوں گا۔

پہلی چیز تو یہ ہے کہ قرآن کریم میں

## سنگساری کی سزا

بیان ہی نہیں۔

قرآن کریم میں کوڑے لگنے کی سزا کا ذکر ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض مجرموں کو سنگساری کی سزا دی۔ اور بعض کو کوڑوں کی سزا دی۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو سنگساری کی سزا دی وہ کس بنا پر دی۔ اس کا جواب یہ ہے۔ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ طریق تھا۔ کہ جب تک قرآن کریم میں کسی امر کے متعلق حکم نازل نہ ہوتا آپ تورات کے مطابق عمل کرتے تھے جب زنا کے مقدمات آپ کے سامنے پیش ہوئے۔ اس وقت ابھی اس جرم کی سزا کے متعلق قرآن کریم میں کوئی حکم نازل نہیں ہوا تھا۔ اس لئے آپ نے ایسے مجرموں کو تورات کے مطابق رجم کی سزا دی۔ اس کے بعد جب قرآن کریم میں اس جرم کی سزا کوڑے لگانا بیان کی گئی۔ آپ نے قرآن کریم کے حکم کے مطابق ایسے مجرموں کو کوڑوں کی سزا دی۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد کا ہی واقعہ ہے۔ کہ یہودیوں کے ایک بڑے آدمی نے زنا کیا۔ اور وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ کہ آپ بڑے دانا ہیں آپ اس جرم کی سزا تجویز کریں۔ تا اس کے مطابق تعمیل کی جائے۔ آپ نے فرمایا تم میرے پاس کیوں آئے ہو۔

## اپنی کتاب پر عمل کرو!

انہوں نے کہا۔ ہماری کتاب میں اس جرم کے متعلق کوئی سزا نہیں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ تم تورات لاؤ۔ چنانچہ وہ تورات لے آئے آپ چونکہ پڑھ نہیں سکتے تھے۔ آپ نے وہ کتاب ایک یہودی کو دی اور کہا پڑھو۔ اس نے جہاں زنا کی سزا سنگساری لکھی ہوئی تھی۔ اس جگہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھنا شروع کر دیا۔ آپ نے فرمایا کہ اپنے ہاتھ بھی اٹھاؤ۔ اور جہاں ہاتھ رکھا ہوا ہے۔ وہاں سے بھی پڑھو۔ چنانچہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصرار سے اس نے ہاتھ اٹھایا اور اس جگہ کو پڑھا۔ جہاں ہاتھ رکھا ہوا تھا۔ وہاں صاف لکھا ہوا تھا۔ کہ زنا کی سزا رجم ہے۔ آپ نے یہ سن کر یہودیوں کو فرمایا کہ تم لوگ ایک مذہب مانتے ہو۔ تم جب اپنے مذہب کی بتائی ہوئی سزا کے مطابق عمل کرنے کو تیار نہیں ہو تو تم میرے پاس کیوں آئے ہو۔ تم اپنے مذہب کی بتائی ہوئی سزا کے مطابق عمل کرو۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ طریق تھا کہ جب تک قرآن کریم کا صاف حکم نہ آجاتا آپ تورات کی تعلیم پر عمل کرتے۔ جب خدا تعالیٰ کا حکم قرآن کریم میں نازل ہو جاتا۔ تو آپ تورات کی تعلیم کو چھوڑ دیتے اور قرآن کریم کے مطابق عمل کرتے۔ بعض کا خیال ہے کہ قرآن کریم میں کوڑوں کا حکم آجانے کے بعد بھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رجم کی سزا دی ہے لیکن یہ ہو نہیں سکتا کہ آپ

## قرآن کریم کے حکم

کی موجودگی میں تورات کے حکم کے مطابق عمل کریں میں نے بتایا ہے کہ آپ تورات کے حکم کے مطابق اس وقت تک عمل کرتے رہتے جب تک کہ قرآنی حکم نہ آجاتا یہ بالکل ناممکن ہے کہ قرآن کا حکم آگیا ہو اور آپ تورات کے حکم کے مطابق عمل کرتے رہیں بہرحال دو باتوں میں سے ایک ہی بات ہو سکتی ہے یا تو یہ کہ قرآن کریم کی وہ آیتیں جن میں کوڑوں کی سزا کا ذکر ہے ان واقعات سے پہلے کی ہیں جو احادیث میں بیان کئے گئے ہیں۔ اور جن میں یہ ذکر ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زنا کے جرم میں رجم کی سزا دی اور یا ان واقعات سے بعد کی ہیں اگر یہ مانا جائے کہ آیت پہلے کی ہے اور وہ حدیثیں جن میں رجم کے واقعات بیان ہوئے ہیں بعد کی ہیں تو یہ بات عقل کے خلاف معلوم ہوتی ہے۔ کہ وہ کلام جو قیامت تک ہے اس کی کسی آیت کو کوئی حدیث یا بعض ہستیں منسوخ کر دیں اگر زنا کے لئے رجم کی سزا ہی مقرر کی تھی تو خدا تعالیٰ کے راستہ میں کیا روک تھی۔ کہ وہ اس سزا کا حکم قرآن کریم میں دے دیتا دوسری بات یہ ہے۔ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تورات کے حکم کے مطابق جب تک اس جرم کے متعلق کسی سزا کا حکم قرآن کریم میں نازل نہیں ہوا تھا رجم کی سزا دیا کرتے تھے لیکن جب اس جرم کے متعلق قرآن کریم نے صاف صاف الفاظ میں درے مارنے کی سزا کا حکم دے دیا تو اس حکم کے بعد تورات کی بتائی ہوئی سزا منسوخ ہو گئی کیونکہ قرآن کریم کی موجودگی میں

## پہلی کتب

کے سب احکام منسوخ ہو جاتے ہیں بہرحال یہی بات درست ہے کہ سنگساری کی سزا کے واقعات پہلے کے ہیں۔ اور قرآن کریم کی وہ آیت جس میں کوڑوں کی سزا کا ذکر ہے بعد کی ہے اس سے صاف یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ سنگساری کی سزا کا اسلام میں کوئی حکم نہیں ہے۔

اب میں اس بات کو تسلیم کر کے کہ فرض کرو اسلام میں رجم کی سزا ہے۔ اس بات کا جواب دینا چاہتا ہوں کہ رجم کی سزا زیادہ سخت ہے۔ اور اس زمانہ میں اس پر عمل نہیں کیا جا سکتا مسلمانوں کو یہ غلطی لگی ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ رجم زنا کی سزا ہے زنا کی سزا رجم نہیں بلکہ قرآن کریم نے تو اشاعت فحش کی ایک سزا تجویز کی ہے میرے نزدیک اگر اسلام میں سنگساری کی سزا بھی ہو تو قوم کی مارلٹی (Morality) کو بچانے کیلئے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا کیونکہ اشاعت فحش قوم کے اخلاق کو خراب کر دیتی ہے اور یہ ایک بڑا بھاری جرم ہے اسطرح گناہ کی اہمیت مٹ جاتی ہے اور گناہ پھیل جاتا ہے قوم کے اخلاق کے بچانے کیلئے اگر اشاعت فحش کی سزا سنگساری بھی دی جائے تو نہ صرف جائز ہوگا بلکہ ضروری ہوگا۔ جہاں زانی کی سزا کوڑے بیان کی گئی ہے وہاں اسکے ساتھ اس بات کو لازمی قرار دیا گیا ہے کہ موقعہ کے چار گواہ لائے جائیں یعنی اس طرح مدعی کو ملا کر پانچ گواہ بن جاتے ہیں اور گواہوں کے متعلق بھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت کڑی شرائط رکھی ہیں آپ نے فرمایا ہے کہ گواہ نہ صرف یہ بیان کرے کہ اس نے دونوں کو اکٹھے لیٹے دیکھا یا ننگے لیٹے دیکھا بلکہ گواہی دے کہ اس اس حالت میں دیکھا۔ ان باتوں سے صاف معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ سزا زنا کی نہیں بلکہ اشاعت فحش کی سزا ہے۔ وہ قوم ہی بدبخت ہوگی جو اسطرح زنا کرے اور اس طرح چار گواہ موقعہ کے پیدا ہو جائیں۔ اگر کسی قوم کے بعض افراد اس رنگ میں اشاعت فحش کریں۔ یہ زنا کو

## تحریک جدید کے بقایا کے متعلق سیدنا حضرت امیر المؤمنین ایدہ اللہ تعالیٰ کا تازہ ارشاد

خاکسار نے تحریک جدید کے گذشتہ سالوں کے بقایا اور ان کے متعلق حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے حضور ذیل کی درخواست پیش کی تھی

حضور! جو احباب بیس سے پچاس فی صدی تک چندہ دے رہے ہیں۔ ان کے ذمہ اگر گذشتہ سالوں کا چندہ تحریک جدید کا بقایا ہو۔ تو بقایا بھی اس میں سے ادا ہوتا رہے۔ یا وہ سابقہ بقایا الگ دیں۔ چونکہ سابقہ بقایا پچیس سے پچاس فی صدی کی تحریک سے پہلے کا ہے۔ اس لئے دینا تو الگ ہی چاہیئے۔ لیکن جب کہ وہ زیادہ قربانی کر رہے ہیں۔ تو ان کو مزید چندہ دینا شاید محال ہو۔ اس لئے گذشتہ سالوں کے چندہ تحریک جدید کا بقایا بھی اسی میں سے ادا ہونا چاہیئے۔ مگر اس کے لئے حضور کی اجازت ہو جو ضروری ہے

اس درخواست پر حضور نے اپنے قلم سے رقم فرمایا "درست ہے بقایا بھی اسی میں سے ادا ہوتا رہے"

پس وہ احباب جو اپنی ماہوار آمد کا $\frac{1}{4}$ سے $\frac{1}{2}$ تک دے رہے ہیں۔ اگر ان کے ذمہ تحریک جدید کے گذشتہ سالوں کا بھی کوئی بقایا ہے۔ تو وہ اس سال کے دفتر اول کے چودھویں سال یا دفتر دوم کے سال چہارم کے وعدے کے ساتھ ملا کر ماہوار قسط سے ادا کرتے جائیں۔ مگر یہ بھول نہ جائیں کہ $\frac{1}{4}$ سے $\frac{1}{2}$ تک چندہ دینے والے احباب کے ذمہ یہ بات ہے۔ کہ وہ خود اپنے چندوں کی تقسیم کر کے مقامی سیکرٹری کو رقم دے کر رسید حاصل کریں۔ اور مقامی سیکرٹری صاحبان چندہ دہندہ کی اس تفصیل کے مطابق محاسب صاحب لاہور کو روپیہ ارسال کر کے تفصیل لکھیں۔ (وکیل المال تحریک جدید)

سنگساری کی سزا بھی دی جائے۔ تو قوم کے اخلاق کو تباہی سے بچانے کیلئے یہ ہرگز سخت سزا نہیں ہوگی۔

اب میں چوری کی سزا کو لیتا ہوں اس میں بھی ایک غلطی ہے ہر چوری کی سزا ہاتھ کاٹنا نہیں بلکہ خاص مجرموں کی سزا ہاتھ کاٹنا ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

اَلسَّارِقُ وَالسَّارِقَۃُ فَاقْطَعُوْٓا اَیْدِیَھُمَا جَزَآءًۢ بِمَا کَسَبَا نَکَالًا مِّنَ اللّٰہِ ؕ وَاللّٰہُ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ (مائدہ ع ۶) اس میں السارق اور السارقۃ کے الفاظ آتے ہیں یعنی خاص قسم کے چور جو کہ عادی مجرم ہوں۔ ان کے ہاتھ کاٹے جائیں عربی کے لحاظ سے السارق کے معنی خاص قسم کے چور کے ہیں السارقہ کے معنے خاص قسم کی چور عورت کے ہیں۔ دیکھنے کے لئے کہ اس جگہ کیا مراد ہے آیا ہر قسم کا اور چوری مراد ہے۔ یا کہ خاص قسم کا چور اور چوری۔ اس کے لئے جس پر قرآن نازل ہوا۔ اور جو سب سے زیادہ قرآن کو جاننے والا ہے ہمیں اس کی تشریح کی طرف توجہ کرنی چاہیئے جب ہم اس بات کے سمجھنے کے لئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تعامل کی طرف رجوع کرتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ السارق سے مراد خاص قسم کا چور ہے۔ ہر چور مراد نہیں ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس شکایت کی گئی۔ کہ فلاں شخص نے ایک چیز چرالی ہے۔ جس کی قیمت قریباً دس روپے ہے۔ آپ نے فرمایا ایسے شخص کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔ کیونکہ جس چیز کی چوری کی گئی ہے۔ وہ کم قیمت کی ہے۔ آپ کے اس فیصلہ کے مطابق اب ہماری حکومت ایک قانون بنا سکتی ہے کہ اتنے روپے کی چیز اگر چرائی جاوے تو چور کے ہاتھ کاٹے جائینگے۔ اس زمانہ کے روپیہ کی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے روپیہ سے قیمت بہت ہی کم ہے۔

## ماہرین اقتصادیات

اس زمانہ کے سکے کی مالیت کے لحاظ سے کوئی رقم مقرر کر سکتے ہیں جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے دس روپے کی مالیت سے زیادہ ہو۔ اور اس طرح حکومت یہ قانون بنا سکتی ہے۔ کہ اتنے روپے کی چیز کی چوری کرنے والے کے ہاتھ کاٹے جائینگے۔

۲۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے زمانہ کا ہی واقعہ ہے۔ کہ آپ کی خدمت میں ایک بھاگے ہوئے غلام کے متعلق شکایت کی گئی۔ کہ اس نے چوری کی ہے۔ آپ نے فرمایا اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جا سکتا۔ اس کی وجہ آپ نے یہ بیان فرمائی کہ ایک بھاگا ہوا غلام اپنے بھاگنے کی وجہ سے مجرم ہے اس لحاظ سے تو اسکو سزا دی جا سکتی ہے لیکن اسکی چوری کی وجہ سے اس کے ہاتھ اسلئے نہیں کاٹے جا سکتے کہ وہ مجرم ہونے کی وجہ سے کہیں ملازمت یا مزدوری نہیں کر سکتا۔ اگر وہ کریگا تو پکڑا جائیگا اب اگر وہ چوری کرکے اپنا پیٹ نہ بھرتا۔ تو بھوکا مر جاتا۔ اس مجبوری کی وجہ سے اس نے چوری کی ہے۔ اسلئے اس کے ہاتھ نہیں کاٹے جائینگے۔ اب اس فیصلہ سے صاف ظاہر ہے کہ وہ چوری جو مجبوری کی وجہ سے کی جائے اس کے مرتکب کے ہاتھ نہیں کاٹے جا سکتے۔

۳۔ اسی طرح حضرت عمرؓ کے سامنے ایک مقدمہ پیش ہوا۔ کہ ایک شخص نے کھانے کی چیز چرالی ہے۔ آپ نے فرمایا اس شخص کے ہاتھ نہیں کاٹے جائینگے۔ کیونکہ کھانا ایک طبعی ضرورت ہے۔ اور ایسی ضرورت کو چوری سے پورا کرنا نفس کی خرابی کی وجہ سے نہیں ہوگا۔ بلکہ معذوری کی وجہ سے ہوگا۔

۴۔ حضرت عمرؓ کے پاس یہ سوال بھی کیا گیا کہ اگر ایک شخص معبد میں سے کوئی چیز اٹھا کر لےجائے تو کیا اس کے ہاتھ کاٹے جائینگے آپ نے فرمایا نہیں۔ یہ کوئی چوری نہیں بلکہ یہ ایک مذہبی لڑائی ہے اور ایسا کرنے والا دوسرے مذہب والے کی دلشکنی کرنے کیلئے ایسا کرتا ہے۔

۵۔ آپ کی خدمت میں بھی یہ سوال کیا گیا۔ کہ ایک شخص نے بیت المال میں سے کچھ چرا لیا ہے آپ نے اس کے متعلق فرمایا۔ ایسے شخص کے ہاتھ نہیں کاٹے جائینگے۔ کیونکہ اس نے بیت المال سے چوری قومی خزانہ سمجھ کر کی ہے۔ اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ قومی خزانہ میں میرا بھی حصہ ہے یہ ایسی ہی بات ہے جیسے بہت سے لوگ ہمارے ملک میں ریل پر بے ٹکٹ سوار ہو جاتے ہیں۔ اور جب ان سے یہ پوچھا جائے کہ تم ایسا کیوں کرتے ہو۔ تو وہ ہنس کر جواب دیتے ہیں۔ کہ پاکستان کی ریل میں ہمارا بھی حصہ ہے۔ تو ان باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ ہاتھ اُس چور کے کاٹے جائینگے۔ جو

## عادی مجرم

ہو۔ چوری تھوڑی مالیت کی نہ ہو۔ بلکہ بڑی مالیت کی ہو۔ چوری مجبوری اور اضطرار کی وجہ سے نہ ہو۔ چوری قومی خزانہ سے نہ ہو۔ اب اگر ایسے عادی مجرم کے ہاتھ کاٹے جائینگے تو آئندہ چوری کی روک تھام ہو جائے گی۔ جس طرح زنا کی سزا اشاعت فحش کو روکنے کے لئے اور قومی اخلاق کو بچانے کے لئے سخت نہیں ہے۔ اسی طرح ایسے چور کے ہاتھ کاٹنے کی سزا جو کہ عادی ہو۔ اور چوریاں بھی بڑی بڑی کرتا ہو۔ اور بلا وجہ اور بغیر کسی اضطرار کے کرتا ہو۔ اس کے ہاتھ کاٹ دینا ظلم نہیں۔ بلکہ لازمی اور ضروری ہے۔ تا دوسروں کیلئے عبرت ہو۔ اور اس کو خود بھی سبق حاصل ہو۔

س:۔ جبری پردہ کے متعلق آج کل جو زور دیا جا رہا ہے۔ اس کے بارے حضور کا کیا خیال ہے نیز پردہ کے متعلق حضور بیان فرمادیں آیا یہ ضروری چیز ہے۔

ج:۔ دل میں پردہ نہ ہو تو جبری پردہ کون کروا سکتا ہے۔ درحقیقت ظاہری طور پہ مان لینا کافی نہیں ہوتا۔ بلکہ ایک بات کو مان کر عمل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ مس مردولا سارا بائی مجھ سے لاہور ملنے آئیں۔ اور کہنے لگیں۔ ہندو سکھ عورتوں کو یہاں سے نکلوانے میں آپ ہماری مدد کریں۔ میں نے انہیں جواب دیا کہ جہانتک عورتوں کا مسئلہ ہے میں مدد کے لئے تیار ہوں۔ انہوں نے خواہش ظاہر کی کہ وہ میری بیویوں سے ملیں۔ میں نے اُن کو ان سے ملایا۔ تو پردہ کے متعلق وہ بہت حیران ہوئیں۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ ان سے اس کے متعلق بات کرلیں۔ یہ قرآن جانتی ہیں۔ حدیث جانتی ہیں عربی پڑھی ہوئی ہیں۔ یہ علوم انہوں نے پردہ میں رہ کر ہی سیکھے ہیں۔ تو یہ ایک قاعدہ ہے کہ ہر ایک شخص کے دل میں جو ایمان ہوتا ہے۔ اُس کے مطابق وہ عمل کرتا ہے۔

## سید احمد صاحب بریلوی

جو کہ تیرہویں صدی کے مجدد گزرے ہیں اور انہوں نے سکھوں کے خلاف جنگ بھی کیا تھا۔ جب وہ حج کے لئے گئے۔ تو ان کے قافلہ میں سو کے قریب ایسی عورتیں بھی تھیں۔ جو کہ کبھی گھر سے باہر بے پردہ نہ نکلی تھیں۔ جب وہ باہر جاتیں تو ان کے کمرے میں ڈولی لے جائی جاتی اور وہ وہیں سے سوار ہو کر باہر نکلتیں۔ اور اگر کبھی انہیں ایک گلی سے دوسری گلی میں جانا ہوتا۔ تو پہلے بہت سے پردے کئے جاتے۔ تب وہ اس جگہ سے گذرتیں۔ یہ سو عورتیں جب حج کے لئے مکہ پہنچیں اور خانہ کعبہ میں طواف کا وقت آیا۔ تو سید احمد صاحب نے کہا اے بہنو! جس خدا کا یہ حکم تھا کہ تم پردہ کیا کرو۔ اس خدا کا اب یہ حکم ہے کہ تم یہاں طواف کے وقت پردہ نہ کرو۔ پنکھا وغیرہ منہ کے آگے رکھ سکتی ہو۔ نقاب نہیں ڈال سکتیں۔ تاریخ بتاتی ہے۔ کہ تمام کی تمام عورتوں نے اس وقت نقاب چہرہ پر سے اُلٹ دئے۔ اور کوئی ایک لفظ بھی منہ سے نہ نکالا۔ تو جہاں دل میں اخلاص ہوتا ہے ایمان ہوتا ہے۔ وہاں اُس کے مطابق عمل بھی کیا جاتا ہے۔ آجکل جو

## پردہ کے خلاف شور

ڈالا جا رہا ہے۔ اس کے متعلق یہ بات مدنظر رکھنی چاہیئے کہ مخالفین پردہ کو پہلے اس بات پر بحث کرنی چاہیئے۔ . . . . . . . . . .

. . . . . . . . . . کہ آیا کوئی خدا ہے یا نہیں اگر خدا ہے تو اس پر حسن ظنی کرتے ہوئے اس کے احکام کے مطابق عمل کرنا چاہیئے۔ میں حیران ہوں کہ ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے۔ کہ ہم خدا کو مانتے ہیں۔ اور دوسری طرف۔ کہا جاتا ہے کہ خدا نے یہ غلطی کی وہ غلطی کی۔ یہاں پر اور میں ہی ایک نوجوان نے ایک مجلس میں یہ کہہ دیا کہ میں خدا سے زیادہ عقلمند ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ اس نوجوان نے اپنی جوانی کی ترنگ میں یہ فقرہ کہا تھا مگر اس قسم کے فقرات کہتے ہوئے محتاط رہنا چاہیئے۔ فرض کرو۔ ایک ڈاکٹر نے ہمیں ایک نسخہ بتایا۔ اور اس نسخہ کی ادویہ کے اوزان بتاتے ہوئے کہا کہ اگر آپ بجائے فلاں دوائی کے پانچ قطروں کے چھ قطرے دوائی ڈالینگے۔ تو فائدہ نہیں ہوگا۔ میرا تجربہ بتاتا ہے کہ دوائیوں کو اس اندازہ اور وزن سے آپس میں ملایا جائے جو میں نے آپ کو بتایا ہے۔ تو فائدہ ہوتا ہے۔ اور ذرا کم و بیشی کی جائے تو فائدہ نہیں ہوتا۔ اور اگر ہم پوچھیں کہ وجہ کیا ہے تو وہ یہی کہیگا کہ میں نہیں بتا سکتا اب اگر کوئی آدمی ڈاکٹر سے نسخہ حاصل کرتے ہوئے اس بات پر

## بحث

شروع کر دے کہ تم نے نسخہ میں فلاں دوائی کا وزن ½۲ گرین کیوں لکھا ہے۔ ۲ گرین کیوں نہیں لکھا۔ تو ہر ایک یہی کہیگا۔ کہ ایسی بحث کرنے والا احمق اور نادان ہے۔ نہ آپ ایسی بحث ڈاکٹر سے کر سکتے ہیں۔ اور نہ ہی وہ آپ کے اس سوال کا جواب دے گا۔

ایک دفعہ میں دھرمسالہ گیا۔ مجھے انفلوئنزا کی وجہ سے دل کی تکلیف تھی۔ وہاں نزدیک ہی ایک سول ہسپتال . . . . . . . . . . کے سول سرجن سے بات چیت کی۔ جب اس کو میرا علم ہوا۔ تو اُس نے کہا مجھے خوشی ہوئی ہے کہ مجھے خدمت کا موقعہ مل گیا ہے۔ انہوں نے مجھے ایک نسخہ لکھ کر دیا جس میں نکس وامیکا ۵ بوند۔ سوڈا بائی کارب دس گرین اور ایک اور دوا پڑتی تھی۔ جو مجھے اس وقت یاد نہیں رہی۔ نسخہ بتاتے ہوئے کہا ایک شرط ہے وہ یہ کہ نکس وامیکا پانچ ہی بوند ہو۔ اور سوڈا بائی کارب دس گرین ہی ہو۔ اس طرح تیسری دوائی کے وزن کے متعلق فرمایا اور کہا اگر آپ نے

ان ادویہ کے اوزان میں کمی بیشی کی تو فائدہ کا میں ذمہ دار نہیں۔ اور اگر آپ سوال کریں کہ ان ادویہ کے اوزان ذرا کم و بیش کرنے سے فائدہ کیوں نہیں ہوتا۔ تو میں اس کا جواب نہیں دے سکتا۔ میرا تجربہ یہ بتاتا ہے۔ کہ اس نسخہ کی ادویہ کو میرے بتائے ہوئے اوزان کے مطابق اگر استعمال کیا جائے تو ضرور فائدہ ہوتا ہے۔ اور ایک قطرہ کم یا ایک قطرہ زیادہ کوئی دوائی کر دی جائے۔ تو پھر فائدہ نہیں ہوتا۔ یہ میں نہیں جانتا کہ ایسا کیوں ہوتا ہے۔ جب ایک ڈاکٹر سے نسخہ لیتے ہوئے ہم نسخہ کی جزئیات کے متعلق اس سے بحث نہیں کرتے بلکہ یہ سب باتیں اس کے تجربہ پر چھوڑ دیتے ہیں۔ تو خدا تعالےٰ کے بتائے ہوئے احکام کے مفید یا غیر مفید ہونے پر بحث کرنا بھی فضول اور لغو ہے۔ اس لئے پہلے یہ دیکھنا ہوگا کہ

## خُدا ہے یا نہیں

اگر ہے تو خدا نے قرآن نازل کیا ہے یا نہیں جب یہ بات ثابت ہو جائے کہ قرآن اس نے نازل کیا ہے تو پھر باقی سوال آپ ہی آپ حل ہو جائینگے اگر قرآن کریم کو واقع ہی خدا تعالےٰ کی کتاب مان لیا جائے تو پھر اس کے احکام پر یہ بحث ہی نہیں کی جا سکتی کہ یہ حکم مفید ہے یا غیر مفید پھر تو اس کے احکام کے مطابق عمل کرنا ہوگا۔ اور اگر قرآن کریم کو خدا تعالیٰ کی کتاب مان کر پھر اس کے احکام پر رائے زنی کرتی ہے اس کے احکام پر بحث کرتی ہے کہ یہ بات جو قرآن کریم نے بیان کی ہے موجودہ حالات کے ماتحت درست نہیں ہے تو پھر یہ وہی بات ہے جو کہ ایک پٹھان کے متعلق ایک قصہ میں بیان کی گئی ہے پٹھان فقہ بہت پڑھتے ہیں۔ ایک پٹھان نے جو فقہ پڑھا ہوا تھا۔ اور اس نے یہ بھی پڑھا ہوا تھا کہ نماز میں سوائے رکوع سجود وغیرہ حرکات کرنے کے اور کوئی حرکت کرنا نماز کو توڑ دیتا ہے ایک دن اس نے حدیث میں پڑھا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے اور آپ نے امام حسنؓ کو اُٹھایا ہوا تھا جب آپ سجدہ میں جاتے تو آپ ان کو بٹھا دیتے اور جب قیام کرتے تو ان کو اُٹھا لیتے تو وہ بول اُٹھا کہ خوہ! محمد صاحب کا نماز ٹوٹ گیا۔ اب یہ ایک سیدھی بات تھی کہ اگر بچہ شور کریگا۔ تو ساری نماز خراب ہو جائیگی۔ اس وجہ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں امام حسنؓ کو اُٹھایا ہوا تھا اور پھر نماز کسی اور کی بتائی ہوئی نہیں آپ کی بتائی ہوئی تھی لیکن ان باتوں کے باوجود جب اس پٹھان نے یہ پڑھا کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں امام حسنؓ کو اُٹھائے ہوئے تھے۔ اور آپ سجدہ جاتے ہوئے ان کو بٹھا دیتے تھے۔ اور کھڑے ہوتے ہوئے پھر اُٹھا لیتے تھے تو اس نے کہا خوہ! محمد صاحب کا نماز ٹوٹ گیا۔ جس طرح اس پٹھان کا یہ کہنا غلطی تھا۔ اسی طرح قرآن کریم کو سچا مان کر پھر اس کے احکام پر اعتراض کرنا غلطی ہے۔ بات اصل میں یہ ہے کہ پہلے یہ بحث ہونی چاہیئے کہ واقعہ میں قرآن کریم

## سچّا ہے یا نہیں

جب یہ مان لیا جائے کہ قرآن کریم سچا ہے۔ تو پھر یہ بھی ماننا پڑے گا کہ جو خدا کہتا ہے ٹھیک کہتا ہے اگر آج ایک بات کی حکمت سمجھ میں نہیں آتی تو کل آجائیگی۔

رنر چھتر میں ایک پیر تھے ان کی کافی شہرت تھی۔ وہ مسمریزم کے کافی ماہر تھے اور توجہ میں کافی ملکہ رکھتے تھے۔ صبح کی نماز کے بعد سینکڑوں بیمار ان کے پاس جمع ہو جاتے وہ ان کو پھونک مارتے تھے۔ اور ان کے دم کی وجہ سے کئی مریضوں کو شفا حاصل ہو جاتی تھی۔

لدھیانہ کے ایک بزرگ صوفی احمد جان تھے۔ وہ ان کے شاگردوں میں سے تھے۔ انہوں نے ۱۲ سال اپنے اُستاد کی خدمت کی۔ وہ روزانہ ان کے لئے بجائے بیلوں کے خود خراس چلاتے اور دس سیر آٹا پیستے۔ ساتھ ساتھ روزانہ سبق بھی پڑھتے۔ آخر ان کے اُستاد نے ان کو اپنا خلیفہ بنا کر واپس لدھیانہ بھجوا دیا۔ پھر صوفی احمد جان صاحب کی اپنے زمانہ میں کافی شہرت تھی۔ اکثر لوگ علاج کے لئے آپ کے پاس آیا کرتے تھے۔ ایک دفعہ مہاراجہ جموں بیمار ہوئے اُنہوں نے صوفی صاحب کو کہلا بھیجا کہ آپ میرے پاس جموں تشریف لے آئیں اور پانچ سو روپیہ بھی بھیجا۔ صوفی صاحب نیک آدمی تھے۔ اُنہوں نے وہ روپیہ واپس کر دیا۔ اور کہلا بھیجا کہ میں آپ کے پاس آنے کو تیار نہیں۔ آپ کو ضرورت ہے تو آپ میرے پاس آجائیں۔ ہماری جماعت کے بانی حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ابھی دعوےٰ نہ کیا تھا البتہ

## براہین احمدیہ

لکھی ہوئی تھی کہ انہوں نے جب براہین کو پڑھا تو ان کو حضرت مرزا صاحب سے عقیدت ہو گئی آپ جب لدھیانہ تشریف لے گئے تو صوفی احمد جان صاحب سے بھی ملاقات ہوئی۔ ایک دن حضرت مرزا صاحب باہر سیر سے واپس آ رہے تھے۔ اور ساتھ صوفی احمد جان بھی تھے آپ نے ان سے پوچھا۔ آپ بارہ سال رنر چھتر والوں کے پاس رہے آپ کو وہاں سے کیا ملا۔ انہوں نے جواب دیا۔ میں اگر اس آدمی کو جو آ رہا ہے غور سے دیکھوں تو وہ تڑپ کر گر پڑے گا حضرت صاحب کھڑے ہو گئے اور آپ نے فرمایا میاں صاحب آپ یہ بتایئے آپ کے اس فعل سے اس آدمی کو کیا فائدہ پہنچے گا اور آپ کو کیا فائدہ ہوگا۔ وہ صاحب دل تھے۔ فوراً سمجھ گئے۔ کہ ان کے پاس جو مسمریزم کی طاقت ہے۔ اس کا دین کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ یہ تو ایک علاج کا طریق ہے اس کے بعد انہوں نے مسمریزم کو چھوڑ دیا۔ تو کئی دفعہ دین کی باتوں کی سمجھ کئی سالوں کے بعد جا کر آیا کرتی ہے۔ بہتر طریق یہی ہے کہ قرآن کریم کو سچا جان کر اس کے احکام پر عمل کیا جائے اور اگر کسی حکم کی حکمت سمجھ میں نہیں آتی تو ساتھ ساتھ سوچتے بھی رہیں۔ میں خود سوچتا رہتا ہوں۔ کہ قرآن کریم کے احکام میں کیا کیا حکمتیں ہیں۔ ایسا نہیں کرتا۔ کہ اگر کسی حکم کی حکمت سمجھ میں نہ آئے تو اُس پر عمل بھی چھوڑ دوں۔ میں سوچتا بھی رہونگا اور ساتھ ساتھ عمل بھی کرتا رہوں گا۔

س:- اگر پردہ کو تسلیم کر لیا جائے۔ تو پھر اس کی حد کہاں تک ہے۔

ج:- پردہ کے لئے موٹا اصل یہ ہے الا ما ظھر منھا۔ جو چیز ظاہر کرنے کی مجبوری ہو۔ اس کو ظاہر کیا جائے۔ اس کے ماتحت ڈاکٹر کو بوقت ضرورت ماتھا دکھایا جا سکتا ہے زبان دکھائی جا سکتی ہے چہرہ دکھایا جا سکتا ہے۔ بلکہ اگر عورت ڈاکٹر نہ ملے۔ تو مرد ڈاکٹر سے بچہ جنوایا جا سکتا ہے شریعت نے عورت کو یوں عام بول چال سے منع نہیں کیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اگر عورت گر جاتی ہے تو اس کو اُٹھاؤ۔ پیدل جا رہی ہو۔ تو اپنی سواری کے پیچھے بٹھا لو۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دفعہ حج کے موقع پر ہجوم کے زیادہ ہونے کی وجہ سے سواری سے نیچے گر گئے ایک انصاری نے یہ دیکھ کر سواری سے چھلانگ لگائی۔ اور آپ کے پاس آ کر کہا یا رسول اللہ میں مر جاؤں آپ کو کوئی چوٹ نہ آئے۔ آپ نے فرمایا مجھے چھوڑو۔ عورتوں کیطرف جاؤ۔ اور اُنکو اٹھاؤ۔

س:- قومی ترقی کے لئے عورت کا پردہ سے باہر آنا۔ اور مردوں کے ساتھ مل کر کام کرنا ضروری ہے

ج:- واقعات کے ساتھ ہمیں اندازہ لگانا چاہیئے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کہ آدھا دین عائشہؓ سے حاصل کرو اب

## حضرت عائشہؓ

پردہ کرتی تھیں۔ مگر آپ نے دین پردہ میں ہی سکھایا۔ چنانچہ صحابہ آتے تھے۔ اور آپ سے علم حاصل کرتے تھے۔ حضرت عائشہؓ نے جنگ جمل میں خود فوج کی کمانڈ کی ہے۔ آپ قاضی بھی تھیں۔ معلم بھی تھیں جرنیل بھی تھیں۔ مفسر بھی تھیں۔ آپ نے عملاً وہ کچھ کر کے دکھایا کہ اس کی نظیر عورتوں میں کیا مردوں میں بھی ملنی محال ہے۔ مگر یہ سب کچھ آپ نے پردہ کے اندر رہ کر سیکھا۔ ہمارے قادیان میں لڑکیوں کے سکول میں پردہ کے اندر رہ کر ہماری لڑکیوں نے اس قدر ترقی کی کہ میٹرک کا نتیجہ پانچ سال سے سو فیصدی آ رہا ہے۔ اور اس کے مقابلہ میں لڑکوں کا ۷۰ فیصدی نتیجہ ہوتا ہے۔ امسال مجلس مشاورت میں عورتوں کی طرف سے ایک ایسی رائے پیش کی گئی۔ جو مردوں کی رائے سے بڑھ کر تھی۔ اور وہ پاس ہو گئی۔ ہم جب واقعات کو دیکھ رہے ہیں کہ پردہ کے اندر رہ کر عورتیں ترقی کر رہی ہیں۔ اور ہر میدان میں ترقی کر رہی ہیں۔ تو ہم کس طرح کہہ دیں۔ کہ پردہ کی وجہ سے وہ ترقی نہیں کر سکیں گی۔ ایسا خیال کرنا صرف ایک وہم ہے حقیقت نہیں۔

س:- برقعہ کی زندگی کتنی ہے اور یہ برقعہ مسلمانوں میں کس حد تک رہیگا؟

ج:- ایک تو برقعہ کے کپڑے کی زندگی ہے یہ کوئی دو تین سال تک ہوگی۔ اور اگر یہ سوال ہو۔ کہ موجودہ برقعہ کب سے رائج ہوا ہے تو اس کا جواب یہ ہے۔ کہ کوئی تیس چالیس سال سے پہلے اس برقعہ کا رواج مصر میں تھا۔ وہاں سے اس ملک میں آیا۔ باقی رہا یہ سوال کہ یہ برقعہ مسلمانوں میں کس حد تک رہیگا اس کا یہ جواب ہے کہ جو خدا کا حکم مانے گا۔ وہ برقعہ کو رکھے گا۔ اور جو نہیں مانے گا۔ وہ چھوڑ دے گا۔ اگر مسلمان قرآن کو سمجھیں گے اور وہ خدا کی طرف توجہ کرینگے تو وہ اس پردہ کو جس کو قرآن دُنیا کے سامنے پیش کرتا ہے رائج کرینگے۔ باقی میں یقین رکھتا ہوں۔

## اسلام غالب آئیگا

اور دوسرے مسلمان تو ایک طرف رہے یورپین عورتیں بھی پردہ کرینگی۔

س:- اسلام ایک سچا مذہب ہے اور سچا مذہب قدرت کے اُصولوں کے خلاف نہیں ہوتا۔ مشاہدہ بتاتا ہے کہ اب تقریباً پردہ روئے زمین پر کہیں نہیں اس سے ثابت ہوا کہ پردہ نہ کرنا قدرت کے اصولوں کے مطابق ہے۔

ج:- اس طرح تو مسلمان نماز بھی نہیں پڑھتے مسلمانوں کی اکثریت بے نماز ہے۔ لوگ جانتے ہیں کہ نماز پڑھنا اچھا کام ہے۔ مگر نہیں پڑھتے۔ اب آپ کے اصول کے مطابق نماز نہ پڑھنا بھی قدرت کے اصول کے مطابق ہے۔ اور یہ بھی پھر اسلام کے احکام میں سے ایک حکم ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ مسلمان آئمہ میں طاقت نہیں رہی کہ وہ روحانی

طاقت سے کوئی تغیر پیدا کر سکیں۔ یا مسلمانوں کو نماز کا قائل کریں۔ اور عورت کو پردہ کا قائل کریں اس کے مقابلہ میں ہماری چھوٹی سی جماعت ہے۔ ساری نہیں تو ۹۹ فی صدی نمازی ہے۔ اور اسی طرح ہماری عورتیں پردہ کے اندر رہتی ہیں۔

س:۔ ڈاڑھی کے بارے میں کیا حکم ہے اور آپ کی اس کے متعلق کیا رائے ہے؟

ج:۔ اگر آپ کو یہ خیال ہو۔ کہ میں یہ کچھ سمجھتا ہوں۔ وہ کرتا ہوں تو آپ کو یہ سوال مجھ سے نہیں کرنا چاہیئے۔ (اس پر سب حاضرین ہنس پڑے)

س:۔ کن حالات میں ڈاڑھی نہ رکھنے کی اجازت ہے؟

